تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 21, 2025

پریس ریلیز

امریکہ کے اقلیتی اداروں کے وفد کے ساتھ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے اساتذہ کی بات چیت

اسکول کے تعلیمی نظام سے متعلق معلومات کے حصول کے لیے امریکہ کے اقلیتی اداروں کے وفد نے جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول (جے ایس ایس ایس) کا دورہ کیا۔مختلف اقلیتی اداروں اور کالج کے فیکلٹی اراکین پر مشتمل وفد نے ہندوستان میں تعلیمی عمل سے متعلق معلومات کے لیے جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے اساتذہ سے ملاقات کی۔

ڈاکٹر محمد ارشد خان ، پرنسپل ، جے ایس ایس ایس نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ڈاکٹر غزالہ صدیقی ،لیکچرر انگریزی نے ہندوستان میں اسکول کے تعلیمی نظام سے متعلق وفد کے سامنے ایک جامع جائزہ پیش کیا۔جامعہ میں بین علومی اپروچ کے استعمال سے متعلق انھوں نے وفد کوآ گاہ کرایا۔مزید برآں محترمہ فائزہ صدیقی ،لیکچرر انگریزی نے تعلیمی سال میں انجام پانے والی مختلف غیر نصابی سرگرمیوں سے متعلق وفد کو بتایا۔

وفد نے اساتذہ سے بات چیت کی اور اسکول کے کام کاج اور معلمین کو درپیش مسائل سے متعلق جاننا چاہا۔اس موقع پر انھوں نے بھی اپنے تجربات ساجھا کرتے ہوئے امریکہ کے تعلیمی نظام میں درپیش مسائل اور چیلنجز بھی بتائے۔بات چیت اور آراو افکار کے تبادلے سے متعلق یہ دورہ کافی اہم رہا جس سے دونوں ملکوں کے اسکولی تعلیم میں درپیش مسائل کی بہتر تفہیم میں مدد ملی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی